سوال

وضو کے بعد شرمگاہ کو چھونا

جواب

سوال : میرا سوال یہ ہے کہ کیا غسل کے دوران شرمگاہ کو دھونے اور وضو کرنے کے بعد شرمگاہ کو چھو سکتے ہیں ؟ یا اگر غلطی سے چھو دیا جائے ؟ ؟ اور ہاتھ لگ جائے تو وضو تو ٹوٹ جائے گا تو کیا دوبارہ وضو کرنا لازمی ہے یا کوئی حرج نہیں ۔ ۔ جزاک اللہ خیراً ۔ ۔

جواب : جمہور اہل علم امام احمد، امام شافعی اور محدثین کے نزدیک مس ذکر سے مطلقا وضو ٹوٹ جاتا ہے ۔
امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقا نہیں ٹوٹتا ہے ۔
تیسرا قول جو بعض اہل علم کا ہے کہ شہوت کے ساتھ ہاتھ لگائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے اور اگر شہوت نہ ہو تو نہیں ٹوٹتا ہے ۔ اس قول کو شیخ صالح العثیمین نے اختیار کیا ہے ۔ راقم کا رجحان بھی اسی طرف ہے ۔
تفصیل کے لیے عربی لنک دیکھیں :

موقع الإسلام سؤال وجواب - مس الذكر هل ينقض الوضوء
موقع الإسلام سؤال وجواب - مس الذكر هل ينقض الوضوء ؟